**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**HIGHER SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS XI**

**ANNUAL EXAMINATIONS (THEORY) 2023**

**Islamic History Paper I**

**Time: 1 hour 30 minutes    Marks: 50**

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only


## ہدایات

1۔ ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

2۔ جوابات کے ورق پر جوابات دیجیے جو کہ علیحدہ مہیا کیا گیا ہے۔ اپنے جوابات، سوالات کے پرچے پر ہرگز نہ لکھیے۔

3۔ جوابات کے ورق پر 100 تک نمبر دیے گئے ہیں۔ آپ 1 سے 50 نمبر تک ہی جوابات دیجیے۔

4۔ ہر سوال کے چار انتخابات (options) D,C, B, A دیے گئے ہیں۔ ان میں سے **ایک** کو منتخب کیجیے۔ پھر جوابات کے صفحے میں متعلقہ دائرے کو پنسل سے بھر دیجیے جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے۔




**امیدوار کے دستخط**

5۔ اگر آپ اپنا جواب بدلنا چاہیں تو پہلے والے جواب کو مکمل طور پر ربڑ سے مٹا دیجیے پھر نئے دائرے کو بھریے۔

6۔ جوابات کے صفحے میں کچھ نہ لکھیے۔ کمپیوٹر صرف بھرے ہوئے دائروں کو ریکارڈ کرے گا۔

1۔ ساسانی دورِ حکومت میں بادشاہ کو 'سایۂ خداوندی' کہا جاتا تھا۔ اُن کے عقیدے کے مطابق، بادشاہت

A۔ خدا کا عطیہ تھی۔
B۔ کُل مخلوق پر تھی۔
C۔ خدا کی نیابت تھی۔
D۔ مافوق الفطرت تھی۔

2۔ فارس میں ساسانی دور میں کس مذہب کو 'سرکاری مذہب' کی حیثیت حاصل ہوئی؟

A۔ بدھ مت
B۔ عیسائیت
C۔ یہودیت
D۔ زرتشت

3۔ قبل از اسلام دو عالمی طاقتیں کون سی تھیں؟

A۔ شام اور روم
B۔ ایران اور شام
C۔ ایران اور روم
D۔ چین اور ایران

4۔ قبل از اسلام فارس کا حکمران کون تھا؟

A۔ خسرو پرویز
B۔ مقوقس
C۔ ہرقل
D۔ رُستم

5۔ قبل از اسلام مذہبی جماعت 'سلوکِ قبط' کا تعلق کس ملک سے تھا؟

A۔ روم
B۔ مصر
C۔ چین
D۔ فارس

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

6۔ قبل از اسلام، مشہور جنگ 'حربِ فجار' کن دو قبائل کے مابین وقوع پذیر ہوئی؟

A۔ بنو بکر اور بنو خزاعہ
B۔ بنو قیس اور قریش
C۔ قریش اور بنو تمیم
D۔ بنو خزاعہ اور بنو ثقیف

7۔ عرب کے صحراؤں میں رہنے والے لوگ کیا کہلاتے تھے؟

A۔ حضروی
B۔ حمیری
C۔ قحطانی
D۔ بدوی

8۔ موجودہ دور میں پارلیمنٹ جو سیاسی امور انجام دیتی ہے اس کی قدیم شکل عرب کے کس ادارے میں نظر آتی ہے؟

A۔ رفادہ
B۔ سقایہ
C۔ دار الندوہ
D۔ دومتہ الجندل

9۔ درج ذیل تمام قبل از اسلام عربوں کے ذرائع معاش تھے، **ماسوائے**

A۔ تجارت۔
B۔ زراعت۔
C۔ کان کنی۔
D۔ بھیڑ بکریاں چرانا۔

10۔ عرب میں کچھ لوگوں کو 'ملحد' کہا جاتا تھا۔ بتائیے 'ملحد' کے کیا معنی ہیں؟

A۔ منکرِ اسلام
B۔ منکرِ حدیث
C۔ منکرِ خالق حقیقی
D۔ منکرِ محمد صلّی اللہ علیہ وعلیٰ آلہِ واصحابہ وسلّم

براہِ کرم صفحہ پلٹیے

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

11۔ قبل از اسلام عرب میں جو مذہب اسلامی تعلیمات کے قریب ترین تھا،وہ کون سا تھا؟

A۔ مجوسیت

B۔ نصرانیت

C۔ یہودیت

D۔ دینِ حنیف

12۔ جغرافیائی اعتبار سے ملک عرب کیا کہلاتا ہے؟

A۔ جزیرہ

B۔ جزیرہ نما

C۔ ساحلی علاقہ

D۔ مرطوب علاقہ

13۔ حربِ فجار کے اختتام پر کون سا معاہدہ ہوا؟

A۔ معاہدۂ یمن

B۔ معاہدۂ نجران

C۔ حلف الصالحین

D۔ حلف الفضول

14۔ طائف کے مقام پر کون سا بُت نصب تھا؟

A۔ منات

B۔ لات

C۔ عزّیٰ

D۔ ہُبل

15۔ قبل از اسلام، قصاص کے لیے لڑی جانے والی جنگیں کیا کہلاتی تھیں؟

A۔ ایام

B۔ غزوہ

C۔ سریہ

D۔ فجار

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

16۔ رسول اللہ صلّی اللہ علیہٖ وعلیٰ آلہٖ واصحابہ وسلّم اور آپؐ کے چچا حضرت ابو طالبؓ نے شعبِ ابی طالب کی گھاٹی میں کتنے عرصے قیام کیا تھا؟

A۔ ایک سال
B۔ دو سال
C۔ تین سال
D۔ چار سال

17۔ بیعتِ عقبہ اولیٰ کے بعد حضور صلّی اللہ علیہٖ وعلیٰ آلہٖ واصحابہ وسلّم نے کس صحابیؓ کو مدینہ روانہ کیا؟

A۔ حضرت عثمان غنیؓ
B۔ حضرت بلال حبشیؓ
C۔ حضرت جعفر طیارؓ
D۔ حضرت مصعب بن عمیرؓ

18۔ واقعۂ معراج کا ذکر قرآنِ مجید کی کس سورۃ میں ملتا ہے؟

A۔ سورۃ یٰسین
B۔ سورۃ البقرۃ
C۔ سورۃ آلِ عمران
D سورۃ بنی اسرائیل

19۔ حضور صلّی اللہ علیہٖ وعلیٰ آلہٖ واصحابہ وسلّم نے مدینہ ہجرت کرتے ہوئے راستے میں کہاں قیام فرمایا؟

A۔ قُبا
B۔ ثور
C۔ حرا
D۔ طائف



AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

20۔ حضور صلّی اللہ علیہِ وعلیٰ آلہِ واصحابہ وسلّم نے ہجرت کے بعد قریشِ مکہ کے ساتھ جو پہلا معاہدہ کیا، وہ کیا کہلاتا ہے ؟

A۔ صلح حدیبیہ

B۔ میثاقِ مدینہ

C۔ حلف الفضول

D۔ بیعتِ عقبہ

21۔ درج ذیل میں سے کس صحابیہؓ کو اسلام کی سب سے پہلی شہید خاتون ہونے کا اعزاز حاصل ہے ؟

A۔ حضرت فاطمہؓ

B۔ حضرت سمیہؓ

C۔ حضرت لُبینہؓ

D حضرت ثویبہؓ

22۔ حضور اکرم صلّی اللہ علیہِ وعلیٰ آلہِ واصحابہ وسلّم نے اپنے کس غلام کو آزاد کیا تھا؟

A۔ حضرت انسؓ

B۔ حضرت بلالؓ

C۔ حضرت زید بن حارثہؓ

D۔ حضرت سلمان فارسیؓ

23۔ رسول اللہ صلّی اللہ علیہِ وعلیٰ آلہِ واصحابہ وسلّم نے مہاجرین کی آباد کاری کے لیے جو اقدام فرمایا وہ کس نام سے موسوم ہے؟

A۔ مواخات

B۔ تعمیرِ صفہ

C۔ بیعتِ عقبہ

D۔ صلح حدیبیہ

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

24۔ غزوۂ بدر کے بعد پورے ایک سال تک جنگی تیاریاں ہوتی رہیں اور قریش نے تین ہزار کا لشکر تیار کرلیا جو تمام جنگی ہتھیاروں سے لیس تھا۔ بتائیے کہ مسلمانوں کے خلاف 3 ہجری میں کفّار کا یہ لشکر کس کی قیادت میں روانہ ہوا؟

A۔ ابو لہب

B۔ ابو جہل

C۔ ابو سفیان

D۔ عتبہ بن ربیعہ

25۔ غزوۂ احد میں پہاڑی پر حفاظت کے لیے مسلمان تیر انداز کس کمانڈر کے ماتحت تھے؟

A۔ حضرت عبد اللہ ابن جبیرؓ

B۔ حضرت مصعب بن عمیرؓ

C۔ حضرت عبداللہ بن جحشؓ

D۔ حضرت طلحہ بن عبد اللہؓ

26۔ رسول اللہ صلّی اللہ علیہٖ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلّم کی حیاتِ طیّبہ میں مسلمانوں کی طرف سے کیے جانے والے پہلے معاہدے کا کیا نام تھا؟

A۔ حلف الفضول

B۔ میثاقِ مدینہ

C۔ صلح حدیبیہ

D۔ حربِ فجار

27۔ اسلام کی خاطر لڑی جانے والی وہ جنگیں جن میں حضور صلّی اللہ علیہٖ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلّم نے خود شرکت کی، اُنھیں کیا کہا جاتا ہے؟

A۔ غزوہ

B۔ سریہ

C۔ معرکہ

D۔ جنگ

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

براہِ کرم صفحہ پلٹیے

28۔ مدینہ میں ہجرت کے بعد کس واقعے نے یہودیوں کی اسلام دشمنی میں اضافہ کر دیا تھا؟

A۔ بیعتِ رضوان
B۔ حلف الفضول
C۔ تحویلِ قبلہ
D۔ بیعتِ عقبہ

29۔ رسولِ اکرم صلّی اللہ علیہٖ وعلیٰ آلہٖ واصحابہ وسلّم کی جانب سے لکھے گئے خطوط کے ذریعے ایمان لانے والوں میں منذر بن ساوی بھی تھے، وہ کہاں کے حاکم تھے؟

A۔ یمن
B۔ شام
C۔ بحرین
D۔ عراق

30۔ انسانی حقوق کے عالمی منشور کا درجہ کس کو حاصل ہے؟

A۔ میثاقِ مدینہ
B۔ صلح حدیبیہ
C۔ معاہدۂ نجران
D۔ خطبۂ حجتہ الوداع

31۔ عہدِ رسالت میں مسلمانوں سے زرعی پیداوار پر زکوٰۃ کی مد میں جو عُشر وصول کیا جاتا تھا، اُس کی پیداوار پر کُل شرح کیا تھی؟

A۔ پانچواں حصّہ
B۔ ساتواں حصّہ
C۔ نواں حصّہ
D۔ دسواں حصّہ

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

32۔ حضور اکرم صلّی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہ وسلّم نے بعض صحابہ ٔ کرام ؓ کو قلعہ شکن اسلحے کی تربیت حاصل کرنے کے لیے کس مقام پر روانہ فرمایا؟

A۔ یمن
B۔ تبوک
C۔ طائف
D۔ بصرہ

33۔ حضور اکرم صلّی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہ وسلّم نے نقدی، سونا چاندی اور مالِ تجارت پر زکوٰۃ کی کیا شرح مقرر فرمائی؟

A۔ ڈیڑھ فی صد
B۔ ڈھائی فی صد
C۔ ساڑھے تین فی صد
D۔ ساڑھے چار فی صد

34۔ حضور صلّی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہ وسلّم جامع الصّفات ہیں۔ فتح مکہ کے موقع پر آپ صلّی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہ وسلّم کی کون سی صفت غالب نظر آئی؟

A۔ صداقت
B۔ ایفائے عہد
C۔ امانت داری
D۔ عفو و درگزر

35۔ اسلامی حکومت میں جزیہ کن لوگوں سے لیا جاتا تھا؟

A۔ نومسلم
B۔ غیر مسلم
C۔ مسلمان تاجر
D۔ مسلمان کسان

براہِ کرم صفحہ پلٹیے



AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

36۔ حضور صلّی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہ وسلّم کی مدینہ آمد سے قبل وہاں کون سا حکومتی نظام رائج تھا؟

A۔ قبائلی

B۔ جمہوری

C۔ شہنشاہیت

D۔ جاگیردارانہ

37۔ اسلام کے عدالتی نظام میں قانون کا سرچشمہ کس کو سمجھا جاتا ہے؟

A۔ قانونی مشیر

B۔ علمائے دین

C۔ حکمران و قاضی

D۔ قرآن و حدیث

38۔ حضور صلّی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہ وسلّم نے لوگوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ایک معاشی نظام قائم کیا۔ بتائیے اس نظام کا کیا نام ہے؟

A۔ زکوٰۃ

B۔ عُشر

C۔ جزیہ

D۔ خیرات

39۔ عہدِ نبوی میں غیر مسلم کاشت کاروں سے وصول کیے جانے والا وہ حصّہ جس کی شرح متعین نہ تھی بلکہ باہمی مفاہمت سے طے کیا جاتا تھا، کیا کہلاتا تھا؟

A۔ مالِ فی

B۔ خراج

C۔ جزیہ

D۔ عُشر

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

40۔ درج ذیل میں سے وہ کون سی خاتون ہیں جنھیں حضور صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی پہلی زوجہ ہونے کا شرف حاصل ہے؟

A۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ

B۔ حضرت خدیجہؓ

C۔ حضرت حفصہؓ

D۔ حضرت سودہؓ

41۔ حضرت ابو بکر صدّیقؓ نے کس صحابیؓ کو تدوینِ قرآن کا حکم دیا؟

A۔ حضرت زید بن ثابتؓ

B۔ حضرت خالد بن ولیدؓ

C۔ حضرت امیر معاویہؓ

D۔ حضرت عبداللہ ابنِ عباسؓ

42۔ حضرت ابو بکر صدّیقؓ نے نبوت کے جھوٹے دعویدار مسیلمہ کذاب کی طاقت کو کچلنے کے لیے جو لشکر روانہ کیا، اُس میں افراد کی تعداد کتنی تھی؟

A۔ ایک ہزار

B۔ دو ہزار

C۔ تین ہزار

D۔ چار ہزار

43۔ جنگِ سلاسل کس خلیفۂ راشد کے دور میں لڑی گئی؟

A۔ حضرت ابو بکر صدّیقؓ

B۔ حضرت عمر فاروقؓ

C۔ حضرت عثمان غنیؓ

D۔ حضرت علی المرتضیٰؓ

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

براہِ کرم صفحہ پلٹیے

44۔ حضرت عمر فاروقؓ کے نظامِ حکومت میں کس شعبے کو مرکزی حیثیت حاصل تھی؟

A۔ مجلسِ درس و تدریس

B۔ صیغۂ احداث

C۔ مجلسِ شوریٰ

D۔ بیت المال

45۔ جنگِ قادسیہ میں مسلمانوں کی فتح سے کس حکومت کی تقدیر کا فیصلہ ہوا؟

A۔ عبرانی

B۔ ساسانی

C۔ بازنطینی

D۔ کلدانی

46۔ سنِ ہجری کا آغاز کس خلیفۂ راشد کے دورِ خلافت میں ہوا؟

A۔ حضرت ابو بکر صدّیقؓ

B۔ حضرت عمر فاروقؓ

C۔ حضرت عثمان غنیؓ

D۔ حضرت علی المرتضیٰؓ

47۔ درج ذیل میں سے کون سا گروہ حضرت عثمان غنیؓ کی شہادت کا سبب بنا؟

A۔ خارجی

B۔ عیسائی

C۔ یہودی

D۔ سبائی

48۔ حضرت علی المرتضیٰؓ نے حضرت معاذ بن جبلؓ کو کس صوبے کا قاضی مقرر کیا؟

A۔ حجاز

B۔ کوفہ

C۔ یمن

D۔ حضرموت

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

49۔ حضرت علی المرتضیٰؓ نے خوارج کے مقابلے میں کیا تدبیر اختیار فرمائی جو کارگر ثابت ہوئی؟

A۔ اُنھیں کوفے سے باہر نکال دیا گیا
B۔ اُن کے خلاف اعلانِ جنگ کیا گیا
C۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ کے ہم راہ تشریف لے جا کر خوارج کو سمجھایا گیا
D۔ حضرت ایّوب انصاریؓ کے جھنڈے تلے جمع ہونے والے کو امان کی پیش کش کی گئی

50۔ حضرت امام حسنؓ کی مسندِ خلافت سے دست برداری پر آمادہ کرنے کے لیے کس نے اُن کو سفید کاغذ پر مہر لگا کر بھیجا تھا؟

A۔ حضرت امیر معاویہؓ
B۔ حضرت قیس بن سعدؓ
C۔ حضرت عمرو بن عاصؓ
D۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

اختتام

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only